DAR-UL-IFTA
SADIQABAD
Alflah Town Sadiqabad Dist: Rahim yar Khan

دار الافتاء صادق آباد
الفلاح ٹاؤن صادق آباد
ضلع رحیم یار خان

Dar-ul-Ifta Sadiqabad

استفتاء

جناب مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیانِ عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ

آج کل کے موجودہ حالات میں حکومت کی جانب سے یہ اعلان کیا گیا ہے کہ سنن ونوافل گھر میں ادا کئے جائیں، شرعاً اس بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا اس پر عمل کرنا ضروری ہے یا نہیں؟ جبکہ بعض اوقات سستی یا کسی کام میں مشغولیت کی بناء پر گھر میں سنن ادا کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایسے حالات میں کیا کیا جائے؟

مستفتی: عاصم انوار

03018675285

الجواب حامدًا ومصلیاً

واضح رہے کہ عام حالات میں سنن ونوافل گھر میں ادا کرنا افضل ہے، نیز جائز اور مباح امور میں حکومتی قوانین وہدایات پر عمل کرنا واجب ہے بلا عذرِ شرعی حکومتی قوانین کی مخالفت کرنا ناجائز ہے، لہٰذا صورتِ مسئولہ میں اگر واقعۃً حکومت کی جانب سے سنن ونوافل مسجد کی بجائے گھر میں ادا کرنے کی پابندی ہو تو موجودہ حالات کے پیشِ نظر اس حکم کی پاسداری شرعاً لازم ہے۔

کما فی رد المحتار:2/22

(قوله والأفضل في النفل إلخ) شمل ما بعد الفريضة وما قبلها لحديث الصحيحين «عليكم الصلاة في بيوتكم فإن خير صلاة المرء في بيته إلا المكتوبة» وأخرج أبو داود «صلاة المرء في بيته أفضل من صلاته في مسجدي هذا إلا المكتوبة» وتمامه في شرح المنية، وحيث كان هذا أفضل يراعى ما لم يلزم منه خوف شغل عنها لو ذهب لبيته، أو كان في بيته ما يشغل باله ويقلل خشوعه، فيصليها حينئذ في المسجد لأن اعتبار الخشوع أرجح.

وفیہ ایضاً:2/172

مطلب تجب طاعة الإمام فيما ليس بمعصية قال في الظهيرية وهو تأويل ما روي عن أبي يوسف ومحمد فإنهما فعلا ذلك لأن هارون أمرهما أن يكبرا بتكبير جده ففعلا ذلك امتثالا له لا مذهبا واعتقادا قال في المعراج لأن طاعة الإمام فيما ليس بمعصية واجبة اه

واللہ اعلم بالصواب

ابو امامہ غفر اللہ لہ

دار الافتاء صادق آباد

25/رجب المرجب/1441ھ بمطابق 21/مارچ/2020ء

دستخط: مفتی محمد ابراہیم صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح

دار الافتاء صادق آباد
مفتی

Scanned with CamScanner

دستخط : مفتی احسن عزیز صاحب مدظلہم

الجواب صحیح
[illegible] عفی عنہ
۲۵/۰۷/۱۴۴۱ھ

دار الافتاء صادق آباد
نائب مفتی
الفلاح فاؤنڈیشن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دستخط : مفتی طارق بشیر صاحب مدظلہم

الجواب صحیح
طارق بشیر عفی عنہ
۲۵ / ۷ / ۱۴۴۱ھ

دار الافتاء صادق آباد
نائب مفتی
الفلاح فاؤنڈیشن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دار الافتاء
صادق آباد
فتوی نمبر 118/[illegible]
مورخہ ۲۵/۷/۱۴۴۱ھ
الفلاح فاؤنڈیشن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دستخط : مفتی حماد اللہ نور صاحب مدظلہم

الجواب صحیح
ابو الحسن
۲۵/۰۷/۱۴۴۱ھ

دار الافتاء صادق آباد
نائب مفتی
الفلاح فاؤنڈیشن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

نوٹ ۱۔ جواب سوال کے مطابق ہے۔ صحت سوال کی ذمہ داری مستفتی پر ہے۔

۲۔ ادارہ کسی بھی قانونی وغیر قانونی کارروائی کی صورت میں کسی بھی قسم کا ذمہ دار نہیں اور نہ ہی فریق بنے گا۔

- Cell No: 0302-7002111
- 0344-3387879
- Whats App: 0302-7002111
- E-mail: shariainbiz@gmail.com

- دار الافتاء سے فرقہ وارانہ یا اختلافی مسائل کا جواب نہیں دیا جاتا۔
- خدمت بلا معاوضہ۔

Scanned with CamScanner